ایلوویرا جیل کے حیران کن فوائد

انسانوں کو روزمرہ کی زندگی میں بہت سے مسائل لاحق ہیں،جن میں سے بالوں کے مسائل ایک ہیں،جھڑتے گرتے بال،بالوں کا پتلہ پن،خشکی،خارش اور ڈینڈرف سے آج کل سب پریشان ہیں اور یہ مسائل پریشانی کا باعث بنتے ہیں۔ بالوں کے علاج کے لیے مختلف طریقے اپنائے جاتے ہیں اور کچھ گھریلو علاج ایسے ہیں جن کے حیران کن نتائج سامنے آتے ہیں۔

الوویرا کیا ہے؟

الوویرا ایک زیروفائٹ پودہ ہے جو تقریباً 90 cmلمبا ہوتا ہے،اس کے پتے گھرے اور موٹے ہوتے ہیں جن کے اندر ایک مخصوص قسم کی شفاف جیل بنتی ہے جو بالوں کی گروتھ کے لیے انتہائی موثر ہے،چونکہ پتے موٹے اور بڑے ہوتے ہیں تو ان کو آسانی سے کاٹ کر جیل حاصل کی جا سکتی ہے۔

الوویرا جیل میں ایک قسم کی اینزائم پائی جاتی ہے جو اسکیلپ پر لگانے سے خون کا بہاؤ بڑھاتی ہے اور ٹوٹتے گرتے بالوں کی جڑیں مضبوط کرتی ہے اور نئے بال بھی اگاتی ہے۔

الوویرا عموماً افریکہ،ایشیا ،امریکہ اور یورپ کےخشک علاقوں میں پایا جاتا ہے اور مصر،یونان،انڈیا ،میکسیکو جاپان اور تمام تر ممالک میں ھربل ادویات میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

الوویرا میں موجود پروٹیولائٹک اینزائمس ہمارے سر کی چمڑی میں موجود **dead skin cells** کو ریپئر کرتے ہیں،یہ اسکیلپ میں فائبروبلاسٹس کو **stimulate** کرتے ہیں جو بالوں کو تیزی سے بڑھاتی ہے۔الوویرا خشک اور پتلے بالوں کو بھی

مضبوط کرتا ہے کیونکہ اس میں ایک مخصوص قسم کی پروٹین پائی جاتی ہے جو جھڑتے بالوں کے لیے انتہائی موثر ہے۔

چوہوں پر الوویرا کے بہترین نتائج:

سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈوجام میں جب لیبارٹری مائس سطح پر اپلائی کیا گیا تو اس کے **topical** پے الوویرا جیل کو حیران کن نتائج سامنے آئے۔

اس تجربے کے لیے چار البینو مائس (چوہے) اینیمل ھائوس سے اٹھائے گئے اور فیکلٹی آف اینیمل ھسبنڈری کے گارڈن سے الوویرا پودے کی جیل نکالی گئی۔

کی **shaving** سارے چوہوں کے پیٹ پر الیکٹریکل ٹرمر سے گئی۔

پہلے دن پر تین چوہوں کے پیٹ پر الوویرا جیل لگائی گئی اور چھوڑا گیا۔سارے چوہے الگ سے رکھے**Untreated** چوتھے کو گئے۔

پانچویں دن پر الوویرا لگے چوہوں کے پیٹ پر بالوں کی تھوڑی سے گروتھ ہوئی جبکہ چوتھے چوہے پر نا ہونے کے برابر گروتھ ہوئی۔

دسویں دن پر جب چوہوں کو چیک کیا گیا تو الوویرا لگے چوہوں کے پیٹ پر تیزی سے بال بڑھے جبکہ کنٹرول گروپ کے چوہے کے پیٹ پر تھوڑے سے بال بڑھے۔

یہ تجربہ پندرہ دن تک اپنایا گیا اور نتیجہ یہ نکلا کہ جن جن چوہوں پر الوویرا ٹریٹ کیا گیا ان کے پندرہ دنوں میں مکمل بال آ گئے جبکہ کنٹرول گروپ کے چوہے کے مکمل بال نہیں آئے اس سے یہ ثابت ہوا کہ الوویرا بالوں کو تیزی سے بڑھاتا ہے اور مضبوط کرتا ہے۔

کنٹرول گروپ کے چوہے کے بالوں کی مکمل گروتھ بیسویں دن تک ہوئی جبکہ ایکسپیریمنٹل چوہوں کے پندرہ دنوں میں مکمل

بال اگ گئے۔

الوویرا جیل کے بالوں کے علاوہ اور بھی تمام فوائد ہیں یہ چمڑی میں خشکی ختم کرتا ہے۔جلد کو نرم اور ملائم بناتا ہے۔ الوویرا زیادہ طور پر هربل ادویات میں بھی کثیر مقدار میں استعمال ہوتا ہے۔